NBP FUNDS
Managing Your Savings

NBP Fund Management Limited

Dr. Amjad Waheed, CFA
Chief Executive Officer

# Advantages of Stock Market Investing through Mutual Funds


Investing in stock market offers potential for long-term wealth accumulation through capital appreciation and dividend income. However, it is not without its challenges that include navigating volatility, managing risk, and coping with emotional biases. Overcoming these hurdles requires education, patience, and a disciplined approach to investing, and even the most experienced investors are prone to these challenges.

Equity Mutual Funds allow investors to let an experienced team of investment professionals to manage their money in the stock market. Decisions such as what to buy, when to buy, what to sell and when to sell are made by the mutual fund investment team on behalf of the investor. We briefly mention here some of the key considerations of investing in stock market via mutual funds and elaborate on some in detail.

| Mutual Funds | Direct Investment |
|---|---|
| Professional team manages the investments on behalf of the investor. | Investor makes his own decisions but may not have time or expertise to make such decisions. |
| Mutual funds offer built-in diversity. | Buying Individual stocks is riskier. |
| Mutual funds offer instant liquidity and switch between equity and fixed income schemes. | Individuals may have liquidity issues, which may delay their timing and increase costs |
| Large size allows access to deals that may only be available to institutional investors. | May miss out on transactions not offered/available to small individual investors. |
| Mutual funds may outperform the stock market despite higher costs, based on their experience and expertise. | Direct costs are relatively low, limited only to transaction costs. Some brokers/investors may be inclined to excessive trading, that may increase brokerage fee. |

**Advantage 1: Professional Management and potential of superior performance**

Well managed equity mutual funds have provided better returns to their investors than the stock market and other asset classes including real estate and gold over the last thirteen (13) year period. As a case in point, our flagship equity fund, NBP Stock Fund (NSF) has out-performed the stock market by 203% over the last 13 years (from January 2011 till April 2024) by earning a cumulative return of 694% versus 491% rise in the stock market. An investment of Rs. 100 in NBP Stock Fund 13 years ago would have grown to Rs. 794 today, whereas an investment of Rs. 100 in the stock market (KSE-100 Index) and gold 13 years ago would be worth Rs. 591 and Rs. 527 today, respectively. This out-performance of the NBP Stock Fund is net of management fee, and all other expenses. Professional managers carry out detailed fundamentals and technical analysis of the listed companies to try to identify those that they believe are the best buys.




*Disclaimer: This publication is for informational purposes only and nothing herein should be construed as a solicitation, recommendation or an offer to buy or sell any fund. All investments in mutual funds are subject to market risks. The price of units may go up as well as down. Past performance is not necessarily indicative of future results. Please read the Offering Documents to understand the investment policies and the risks involved. NBP Funds or any of its sales representative cannot guarantee preservation / protection of capital and / or expected returns / profit on investments. The use of the name and logo of National Bank of Pakistan does not mean that it is responsible for the liabilities/ obligations of the Company (NBP Fund Management Limited) or any investment scheme managed by it.*

Dr. Amjad Waheed, CFA
Chief Executive Officer

**Advantage 2: Diversification**


By investing in a mutual fund, investors gain exposure to a diversified portfolio of assets, spanning various industries, sectors, and geographies. This diversification helps spread risk, reducing the impact of poor performance from any single investment.

In assessing the performance of KSE-30 Index vs NBP Stock Fund (NSF) since December 31st, 2010 till April 30, 2024, a compelling case for diversification emerges. NSF has not only outperformed 65% of the market cap of the KSE-30 but has also surpassed 19 out of the 30 companies within the Index. Notably, several prominent names such as HBL Bank, National Bank, Oil and Gas Development Company, and Pakistan State Oil, among others, have significantly underperformed our fund. For investors solely invested in these individual stocks, substantial underperformance would have ensued. However, by diversifying their investments through the NBP Stock Fund, they could have mitigated this risk and potentially achieved more consistent returns.

| From January 2011 to April 2024 | |
|---|---|
| **NSF Return** | **694%** |
| **KSE-30 Return** | **328%** |
| % Stocks Outperformed in KSE-30 | 63% |
| Market Capitalization Outperformed | 65% |

**Advantage 3: Liquidity**

The advantage of liquidity in mutual funds compared to direct investment in the stock market is a crucial aspect to consider. While investing directly in stocks, investors may encounter periods of low liquidity, where the value traded falls below the market average. For instance, during the period from December 31, 2010, to April 30, 2024, the average daily liquidity for the KSE 100 stood at approximately Rs. 9.3 billion. However, there were instances when this value plummeted to even below Rs. 4 billion. In such scenarios, investors may struggle to sell their stocks quickly and could incur significant impact costs. On the contrary, mutual funds offer the advantage of immediate redemption without incurring any impact costs. With just a signature or a click, investors can access their funds promptly, regardless of market liquidity conditions. This liquidity advantage underscores the convenience and flexibility offered by mutual funds.




Considering the advantages of investing with mutual funds discussed above, investors with medium to long-term investment horizon are advised to invest in the stock market via our NBP Stock Funds, which have a superior long-term performance track record.

*Disclaimer: This publication is for informational purposes only and nothing herein should be construed as a solicitation, recommendation or an offer to buy or sell any fund. All investments in mutual funds are subject to market risks. The price of units may go up as well as down. Past performance is not necessarily indicative of future results. Please read the Offering Documents to understand the investment policies and the risks involved. NBP Funds or any of its sales representative cannot guarantee preservation / protection of capital and / or expected returns / profit on investments. The use of the name and logo of National Bank of Pakistan does not mean that it is responsible for the liabilities/ obligations of the Company (NBP Fund Management Limited) or any investment scheme managed by it.*

NBP FUNDS
Managing Your Savings
NBP Fund Management Limited

ڈاکٹر امجد وحید، سی ایف اے
چیف ایگزیکٹیو آفیسر

# میوچل فنڈ کے ذریعے اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے فوائد

اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری سرمائے کی قدر میں اضافے اور منافع کے حصول کے لئے ایک بہترین ذریعہ ہے۔ تاہم، اس میں چند باتوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے، جس میں اسٹاک مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ سے متاثر ہو کر جذباتی فیصلوں سے اجتناب شامل ہیں۔ ان مشکلات پر قابو پانے کے لئے ایک منظّم سرمایہ کاری کی حکمت عملی کی ضرورت ہوتی ہے جس کے لئے سرمایہ کاری سے متعلق ضروری معلومات اور اس کی بنیاد پر کئے گئے فیصلوں پر قائم رہنا ضروری ہے، یہاں تک کہ تجربہ کار سرمایہ کاروں کو بھی ان مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔


میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری کے ذریعے پیشہ ور افراد کی تجربہ کار ٹیم اسٹاک مارکیٹ میں آپکے پیسے کا انتظام سنبھالتی ہے۔ کیا خریدنا ہے، کب خریدنا ہے، کیا فروخت کرنا ہے اور کب فروخت کرنا ہے جیسے فیصلے سرمایہ کار کی طرف سے میوچل فنڈ کی سرمایہ کاری کی ٹیم کرتی ہے. ہم یہاں میوچل فنڈز کے ذریعے اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے کچھ اہم نکات کا مختصر ذکر کرتے ہیں اور کچھ پر تفصیل سے وضاحت کرتے ہیں۔

| ایکوئیٹی میوچل فنڈز | اسٹاک مارکیٹ میں براہ راست سرمایہ کاری |
|---|---|
| پیشہ ور افراد کی تجربہ کار ٹیم اسٹاک مارکیٹ میں آپکے پیسے کا انتظام سنبھالتی ہے۔ | سرمایہ کار کو سب فیصلے خود ہی کرنے ہوتے ہیں جس کے لئے مہارت اور وقت درکار ہوتا ہے |
| مختلف صنعتوں، شعبوں اور علاقوں میں پھیلے متعدد کاروبار میں سرمایہ کاری کے ذریعہ رسک میں کمی | کسی بھی انفرادی حصص میں سرمایہ کاری کا زیادہ رسک ہوتا ہے |
| کسی بھی وقت سرمایہ نکلوانے یا فکسڈ انکم فنڈ میں منتقل کرنے کی سہولت | اگر سرمایہ کار کو سرمائے کی فوری ضرورت ہو تو ممکن ہے کہ اس میں دشواری ہو یا اس کی قیمت چکانی پڑے |
| میوچل فنڈ کے بڑے حجم کے باعث ایسے مواقعوں سے فائدہ جو صرف بڑے مالیاتی یا کاروباری اداروں کو میسر ہوتے ہیں | ایسے مواقعوں کا فائدہ نہیں اٹھایا جاسکتا جو صرف بڑے مالیاتی یا کاروباری اداروں کو میسر ہوتے ہیں |
| تجربے اور مہارت کے باعث زائد اخراجات کے باوجود اسٹاک مارکیٹ سے بہتر ممکنہ کارکردگی | اسٹاک مارکیٹ میں ٹریڈنگ کی لاگت کم ہوتی ہے لیکن زیادہ ٹریڈنگ سے بروکر فیس میں خاطر خواہ اضافہ ہو سکتا ہے۔ |

**فائدہ 1: پیشہ ورانہ انتظام اور اعلی کارکردگی کی امکانات**

اچھے اور منظّم ایکویٹی میوچل فنڈز نے اپنے سرمایہ کاروں کو اسٹاک مارکیٹ اور رئیل اسٹیٹ اور سونے سمیت دیگر سرمایہ کاری کے مواقعوں کے مقابلے میں بہتر منافع فراہم کیا ہے۔ مثال کے طور پر، ہمارے فلیگ شپ ایکویٹی فنڈ، این بی پی اسٹاک فنڈ (این ایس ایف) نے گزشتہ 13 سالوں (جنوری 2011 سے اپریل 2024 تک) میں اسٹاک مارکیٹ میں 491 فیصد اضافے کے مقابلے میں 694 فیصد کا مجموعی منافع حاصل کرکے اسٹاک مارکیٹ سے 203 فیصد زیادہ منافع اپنے سرمایہ کاروں کو دیا ہے۔ 13 سال قبل جنوری 2011 میں اگر کسی نے این بی پی اسٹاک فنڈ میں 100 روپے کی سرمایہ کاری کی ہوتی تو وہ سرمایہ کاری آج بڑھ کر 794 روپے تک پہنچ جاتی جبکہ 13 سال قبل سٹاک مارکیٹ (کے ایس ای 100 انڈیکس) میں 100 روپے اور سونے میں 100 روپے کی سرمایہ کاری آج بالترتیب 591 اور 527 روپے ہوتی۔ این بی پی اسٹاک فنڈ کی بہترین کارکردگی مینجمنٹ فیس اور دیگر تمام اخراجات نکالنے کے بعد ہے۔ پیشہ ور تجربہ کار ٹیم اسٹاک مارکیٹ میں لسٹڈ کمپنیوں کا تفصیلی مالی اور تکنیکی تجزیہ کرتی ہے تاکہ سرمایہ کاری کے لئے بہتر سے بہتر کمپنیز کا انتخاب کیا جاسکے۔

**Relative Performance of NBP Stock Fund Vs. Various Asset Classes**
**Growth in value of Rs.100 from January 2011 to April 2024**




*Source: SBP, PSX, MUFAP, Bloomberg, zameen.com, NSS website*

تحفظات: یہ دستاویز صرف معلوماتی مقصد کے لئے ہے اور اس کا یہ قطعی مقصد نہیں کہ یہ کسی فنڈ کی خریداری یا فروخت کی سفارش یا تجویز کرتا ہو۔ میوچل اور پینشن فنڈز میں سرمایہ کاری کے نتائج مارکیٹ کے حالات پر منحصر ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ مستقبل کے نتائج گزشتہ کارکردگی کے مطابق ہوں۔ سرمایہ کاری کی پالیسیوں اور رسک کو بخوبی سمجھنے کے لئے آفرنگ دستاویزات کا مطالعہ کیجئے۔ این بی پی فنڈز یا اس کا کوئی بھی سیلز نمائندہ سرمایہ کاری پر متوقع منافع اور سرمائے کے تحفظ کی گارنٹی نہیں دے سکتا۔ این بی پی فنڈز بیمہ دار یا نامزد کی دعوہ پروسیسنگ میں مدد فراہم کرنے کا کردار ادا کرے گا۔ این بی پی فنڈز یا اس کا کوئی سیلز کا نمائندہ سرمایہ کاری، یا اس پر ہونے والے متوقع منافع/سرمائے کے تحفظ/کارکردگی کی ضمانت نہیں دے سکتا۔ نیشنل بینک آف پاکستان کے نام اور لوگو کے استعمال کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ نیشنل بینک این بی پی فنڈز یا اس کے زیر انتظام کسی بھی سرمایہ کاری اسکیم کی ذمہ داریوں/فرائض کے لیے جواب دہ ہے۔

NBP FUNDS
Managing Your Savings
NBP Fund Management Limited

ڈاکٹر امجد وحید، سی ایف اے
چیف ایگزیکیٹیو آفیسر


### فائدہ 2: مختلف صنعتوں اور شعبوں میں سرمایہ کاری کے ذریعے رسک میں کمی

میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری کہ ذریعے سرمایہ کار مختلف صنعتوں، شعبوں اور علاقوں میں پھیلے متعدد کاروبار یا حصص میں بیک وقت اپنی سرمایہ کاری کر سکتے ہیں، جس کا فائدہ یہ ہے کہ اگر کوئی ایک حصص خراب کارکردگی دکھاتا ہے تو دوسرے متعدد حصص کی اچھی کارکردگی اس کے اثرات کم کر دیتی ہے۔ جیسا کہ، 31 دسمبر 2010 سے 30 اپریل 2024 تک کے ایس ای 30 انڈیکس اور این بی پی اسٹاک فنڈ (این ایس ایف) کی کارکردگی کا جائزہ لینے میں ایک زبردست مثال سامنے آتی ہے۔ این ایس ایف نے نہ صرف کے ایس ای 30 کی مارکیٹ کیپ کے 65 فیصد سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے بلکہ انڈیکس میں شامل 30 میں سے 19 کمپنیوں سے اچھی کارکردگی دکھائی۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ ہمارے این بی پی اسٹاک فنڈ نے ایچ بی ایل بینک، نیشنل بینک، آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی اور پاکستان اسٹیٹ آئل سمیت کئی اہم بڑے ناموں کے مقابلے میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ایسے سرمایہ کار جنہوں نے صرف ان انفرادی حصص میں سرمایہ کاری کی ہوتی ان کا منافع بہت کم رہا ہوتا، تاہم، این بی پی اسٹاک فنڈ کے سرمایہ کار اپنی سرمایہ کاری پر ممکنہ طور پر زیادہ مستقل منافع حاصل کر سکتے تھے۔

| From January 2011 to April 2024 | |
|---|---|
| **NSF Return** | **694%** |
| **KSE-30 Return** | **328%** |
| % Stocks Outperformed in KSE-30 | 63% |
| Market Capitalization Outperformed | 65% |

### فائدہ 3: سرمایہ فوری نکالنے کی سہولت

اسٹاک مارکیٹ میں براہ راست سرمایہ کاری کے مقابلے میں میوچل فنڈز میں سرمایہ کسی بھی وقت فوراً نکالنے کی سہولت بھی ایک اہم پہلو ہے۔ اسٹاک میں براہ راست سرمایہ کاری کے دوران، سرمایہ کاروں کو اکثر کم لیکویڈیٹی کے ادوار کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، جہاں ٹریڈ کی گئی لاگت مارکیٹ کی اوسط سے نیچے گر جاتی ہے۔ مثال کے طور پر 31 دسمبر 2010ء سے 30 اپریل 2024ء کے عرصے کے دوران اسٹاک مارکیٹ کی اوسط یومیہ لیکویڈیٹی تقریباً 9.3 ارب روپے رہی۔ تاہم ایسی مثالیں بھی سامنے آئیں جب یہ 4 ارب روپے سے بھی کم ہو گئی۔ ممکن ہے کہ ایسے حالات میں سرمایہ کاروں کو اپنے حصص کو فوری فروخت کرنے کے لئے جدوجہد کرنی پڑے جس کے نتیجے میں منافع میں کمی یا زائد اخراجات کا سامنا پڑ سکتا ہے۔ اس کے برعکس، میوچل فنڈز کسی بھی فوری اثر اور اخراجات کو برداشت کیے بغیر سرمایہ کار کو اس کی رقم واپس کر سکتے ہیں. صرف ایک دستخط یا ایک کلک کے ساتھ، سرمایہ کار مارکیٹ لیکویڈیٹی کے حالات سے قطع نظر فوری طور پر اپنے اسٹاک میوچل فنڈ سے سرمایہ نکال سکتا ہے۔ لیکویڈیٹی کی یہ سہولت میوچل فنڈز کی طرف سے پیش کردہ فوائد اور لچک کی نشاندہی کرتا ہے۔




میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کے مندرجہ بالا فوائد کو مد نظر رکھتے ہوئے، ہم سرمایہ کاروں کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنے درمیانی اور طویل مدتی معاشی اہداف کو مد نظر رکھتے ہوئے ہمارے این بی پی اسٹاک فنڈز کے ذریعے اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کریں، جن کی طویل مدت میں کارکردگی بہت بہتر ہے۔

تحفظات: یہ دستاویز صرف معلوماتی مقصد کے لئے ہے اور اس کا یہ قطعی مقصد نہیں کہ یہ کسی فنڈ کی خریداری یا فروخت کی سفارش یا تجویز کرتا ہو۔ میوچل اور پینشن فنڈز میں سرمایہ کاری کے نتائج مارکیٹ کے حالات پر منحصر ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ مستقبل کے نتائج گزشتہ کارکردگی کے مطابق ہوں۔ سرمایہ کاری کی پالیسیوں اور رسک کو بخوبی سمجھنے کے لئے آفرنگ دستاویزات کا مطالعہ کیجئے۔ این بی پی فنڈز یا اس کا کوئی بھی سیلز نمائندہ سرمایہ کاری پر متوقع منافع اور سرمائے کے تحفظ کی گارنٹی نہیں دے سکتا۔ این بی پی فنڈز بیمہ دار یا نامزد کی دعوہ پروسیسنگ میں مدد فراہم کرنے کا کردار ادا کرے گا۔ این بی پی فنڈز یا اس کا کوئی سیلز کا نمائندہ سرمایہ کاری، یا اس پر ہونے والے متوقع منافع/سرمائے کے تحفظ/کارکردگی کی ضمانت نہیں دے سکتا۔ نیشنل بینک آف پاکستان کے نام اور لوگو کے استعمال کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ نیشنل بینک این بی پی فنڈز یا اس کے زیر انتظام کسی بھی سرمایہ کاری اسکیم کی ذمہ داریوں/فرائض کے لیے جواب دہ ہے۔